آسان صرف

حصہ سوم

از

حضرت مولانا سعید احمد صاحب پالن پوری
شیخ الحدیث وصدر المدرسین دار العلوم، دیوبند

مکتبہ حجاز
دیوبند یوپی الھند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آسان صرف

حصہ سوم

از

حضرت مولانا سعید احمد صاحب پالن پوری
استاذ دار العلوم دیوبند

ناشر
مکتبہ حجاز دیوبند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اساتذہ سے گذارش

یہ آسان صرف کا تیسرا حصہ ہے، اس میں ہفت اقسام کی گردانیں ہیں، اور تعلیلات حاشیہ میں ہیں، یہ حصہ بھی سال اول میں پڑھانے کے لئے ہے، اور بچے ابھی ہفت اقسام کی تصریفات کے ساتھ تعلیلات کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے، اس لئے اگر وہ اس حصہ میں گردانیں یاد کرلیں اور کچھ نہ کچھ قواعد تعلیل سے بھی واقف ہو جائیں تو سال دوم میں وہ تعلیلات آسانی سے کرلیں گے۔ اس حصہ میں پڑھانے کا مواد صرف پچاس صفحات ہے، اس لئے سال اول میں یہ حصہ آسانی سے پڑھایا جاسکتا ہے۔

اس حصہ میں پہلے: حصہ دوم کا خلاصہ کیا ہے، پھر ہفت اقسام کی گردانیں دی ہیں اور کچھ قواعد تعلیل ہیں، اور تعلیلات حواشی میں اساتذہ کے لئے ہیں، ان میں سے جو باتیں اساتذہ بچوں کو بتانا مفید سمجھیں: بتا سکتے ہیں۔

علم صرف کا خلاصہ تین مضامین ہیں: تصریفات، تعلیلات اور خاصیات، اور دقت کے اعتبار سے ترتیب بھی یہی ہے، آسان ترصحیح کی گردانیں ہیں، ان سے مشکل ہفت اقسام کی گردانیں ہیں، ان سے مشکل ہفت اقسام میں تبدیلی کے قواعد اور ان کا اجراء یعنی تعلیلات ہیں، اور اس سے بھی مشکل خاصیات کا علم ہے، اور اہمیت کے اعتبار سے ترتیب برعکس ہے، اور تعلیم میں تدریج ضروری ہے، چنانچہ آسان صرف کے تینوں حصے مل کر پہلی غرض پوری کرتے ہیں، جو سب سے اہم ہے، باقی دو مضامین (تعلیلات اور خاصیات) بچے سال دوم میں پڑھیں گے۔ اللہ تعالیٰ بچوں کے لئے فن صرف آسان فرمائیں، اور ان کو مستقبل کے ''روشن تارے'' بنائیں۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز۔

سعید احمد عفا اللہ عنہ پالن پوری

۱۵/محرم الحرام ۱۴۳۰ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ، وسلامٌ علی عبادہ الذین اصْطَفٰی.

علم صرف: وہ علم ہے جس کے ذریعہ عربی الفاظ کے اوزان کا، افعال وغیرہ بنانے کا، ہفت اقسام کے صرفی حالات اور ابواب کی خاصیات کا علم ہوتا ہے۔

علم صرف کا موضوع: وہ الفاظ ہیں جن میں مختلف معنی پیدا کرنے کی غرض سے مختلف تبدیلیاں کی جاتی ہیں (۱) یا ان الفاظ کے صرفی حالات سے بحث کی جاتی ہے (۲)

علم صرف کا فائدہ: عربی الفاظ میں غلطی سے بچنا، اور صیغوں کا صحیح تلفظ کرنا ہے۔

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کی نسبت فاعل کی طرف کی گئی ہو، جیسے اَکَلَ خالد.

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کی نسبت مفعول کی طرف کی گئی ہو، جیسے اُکِلَ الْخُبزُ: روٹی کھائی گئی۔

ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ: ماضی معروف کے پہلے صیغہ کے آخری حرف کو اس کے حال پر چھوڑ دو، اور آخر سے پہلے والے حرف کو زیر دو، اگر اس پر زیر نہ ہو، اور باقی جو بھی متحرک حرف ہو اس کو پیش دو، جیسے اَکَلَ سے اُکِلَ، اِجْتَنَبَ سے اُجْتُنِبَ۔

مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ: علامتِ مضارع کو پیش دو، اگر اس پر پیش نہ

---

(۱) جیسے مصدر ضَرْبٌ سے: فعل ماضی: ضَرَبَ، فعل مضارع: یَضْرِبُ، فعل امر: اِضْرِبْ، فعل نہی: لَاتَضْرِبْ، اسم فاعل: ضَارِبٌ، اور اسم مفعول: مَضْرُوْبٌ وغیرہ اور ان کے تمام صیغے بنائے جاتے ہیں۔

(۲) صرفی حالات: جیسے الفاظ کا صحیح یا معتل وغیرہ ہونا، یا ان کے حروف کا اصلی یا زائد ہونا وغیرہ۔

ہو، اور آخر سے پہلے والے حرف کو زبر دو، اگر اس پر زبر نہ ہو، اور باقی حروف کو ان کے حال پر چھوڑ دو، جیسے یَکْتُبُ سے یُکْتَبُ، یَسْمَعُ سے یُسْمَعُ، یُکْرِمُ سے یُکْرَمُ، یَجْتَنِبُ سے یُجْتَنَبُ۔

فائدہ: مضارع مثبت معروف کے مشتقات: تیرہ ہیں: ۱-مضارع منفی معروف (لَایَفْعَلُ) ۲-مضارع مثبت مجہول (یُفْعَلُ) ۳-مضارع منفی مجہول (لَایُفْعَلُ) ۴-نفی تاکید بہ لن معروف (لن یَّفْعَلَ) ۵-نفی تاکید بہ لن مجہول (لن یُّفْعَلَ) ۶-نفی جحد بہ لم معروف (لم یَفْعَلْ) ۷-نفی جحد بہ لم مجہول (لم یُفْعَلْ) ۸-لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ معروف (لَیَفْعَلَنَّ) ۹-لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ مجہول (لَیُفْعَلَنَّ) ۱۰-لام تاکید بانون تاکید خفیفہ معروف (لَیَفْعَلَنْ) ۱۱-لام تاکید بانون تاکید خفیفہ مجہول (لَیُفْعَلَنْ) ۱۲-فعل امر: (اِفْعَلْ، لِیَفْعَلْ، لِیُفْعَلْ، لِیَفْعَلَنَّ وغیرہ) ۱۳-فعل نہی، (لَایَفْعَلْ، لَایُفْعَلْ، لَایَفْعَلَنَّ وغیرہ)

امر: وہ فعل ہے جس کے ذریعہ کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے، جیسے اِجْلِسْ.
نہی: وہ فعل ہے جس کے ذریعہ کسی کام سے روکا جائے، جیسے لَاتَجْلِسْ (مت بیٹھ)
اصلی امر: امر حاضر معروف ہے، باقی برائے نام امر ہیں، اسی طرح اصلی نہی: نہی حاضر معروف ہے۔

امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ: مضارع واحد مذکر حاضر سے علامتِ مضارع حذف کریں، پھر دیکھیں: اگر پہلا حرف متحرک ہو تو کچھ نہ بڑھائیں، جیسے تَعِدُ سے عِدْ۔ اور اگر پہلا حرف ساکن ہو تو عین کلمہ کی حرکت دیکھیں: اگر وہ مفتوح یا مکسور ہو تو شروع میں ہمزہٴ وصل مکسو ... ئیں، جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔ اور اگر عین کلمہ مضمو ... وصل مضموم بڑھائیں، جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ ...... اور آخر میں اگر حرفِ علت نہ ہو تو ساکن کردیں، اور حرف علت ہو تو اس کو گرادیں، جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ وغیرہ۔

امر حاضر معروف با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ: امر کے معنی میں تاکید پیدا کرنے کے لئے مضارع کی طرح امر کے آخر میں بھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ بڑھاتے ہیں، مگر شروع میں لام تاکید مفتوح نہیں بڑھاتے، جیسے اِفْعَلَنَّ اور اِفْعَلَنْ۔

امر حاضر مجہول اور امر غائب ومتکلم: معروف ومجہول: بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع کے شروع میں لام امر مکسور بڑھائیں، اور آخر میں حرفِ علت ہو تو اس کو گرادیں، ورنہ آخری حرف کو ساکن کردیں، اور نون اعرابی بھی گرادیں، البتہ نونِ جمع مؤنث (نونِ فاعلی) باقی رکھیں۔

فعل نہی بنانے کا طریقہ: مضارع کے شروع میں لائے نہی لگائیں، اور آخر میں حرفِ علت ہو تو اس کو گرادیں، ورنہ آخر کو ساکن کردیں، اور نونِ اعرابی کو بھی حذف کردیں، البتہ نونِ فاعلی باقی رکھیں۔

فعل نہی با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ: معروف ومجہول: نہی کے معنی میں تاکید پیدا کرنے کے لئے فعل امر کی طرح فعل نہی کے آخر میں بھی نونِ تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگاتے ہیں، مگر شروع میں لام تاکید نہیں لگاتے۔

اسم فاعل: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتاتا ہے جس سے کوئی کام صادر ہوا ہے یا جس کے ساتھ کوئی کام قائم ہے، جیسے ضَارِبٌ اور جَالِسٌ۔

اسم فاعل کے اوزان: ۱- ثلاثی مجرد کے اکثر ابواب سے اسم فاعل: فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ ۲- باب کرم سے اور کبھی باب سمع سے بھی اسم فاعل فَعِيْلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے کَرِيْمٌ، شَرِيْفٌ، سَعِيْدٌ۔ ۳- ثلاثی مزید فیہ اور رباعی کے تمام ابواب سے: اسم فاعل اسی باب کے مضارع معروف سے بنتا ہے: اس طرح کہ علامتِ مضارع کو حذف کردیں، اور اس کی جگہ میم مضموم لگائیں، اور آخر سے پہلے والے حرف کو کسرہ دیں، اگر اس پر کسرہ نہ ہو، اور لام کلمہ کو تنوین دیں، جیسے یَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ۔

اسم مفعول: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتاتا ہے جس پر کام واقع ہوا ہے،

جیسے مَضْرُوْبٌ: پیٹا ہوا۔

اسم مفعول کے اوزان: ا- ثلاثی مجرد کے ہر متعدی فعل سے اسم مفعول: مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے ۲- ثلاثی مزید فیہ اور رباعی کے ہر متعدی فعل سے اسم مفعول اسی باب کے مضارع مجہول سے بنتا ہے: اس طرح کہ علامتِ مضارع کو حذف کردیں، اور اس کی جگہ میم مضموم لگائیں، اور آخر سے پہلے والے حرف کو فتحہ دیں، اگر اس پر فتحہ نہ ہو، اور لام کلمہ کو تنوین دیں، جیسے یُجْتَنَبُ سے مُجْتَنَبٌ۔

اسم ظرف: وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کی جگہ یا وقت بتاتا ہے، جیسے مَکْتَبٌ: لکھنے کی جگہ۔

اسم ظرف کے اوزان: ثلاثی مجرد سے اسم ظرف دو وزنوں پر آتا ہے: مَفْعَلٌ کے وزن پر، اگر مضارع کا عین کلمہ مضموم یا مفتوح ہو۔ اور مَفْعِلٌ کے وزن پر، اگر مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو...... مگر مثال سے ہمیشہ مکسور العین اور ناقص سے ہمیشہ مفتوح العین آتا ہے[1] اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دیگر ابواب سے اسم ظرف اور اسم مفعول کا وزن ایک ہے۔

اسم آلہ: وہ اسم مشتق ہے جو کام کرنے کے آلے اور اوزار کو بتاتا ہے، جیسے مِبْرَدٌ (ریتی) مِکْنَسَۃٌ (جھاڑو) مِفْتَاحٌ (چابی)

اسم آلہ کے اوزان: ثلاثی مجرد متعدی سے اسم آلہ کے تین وزن ہیں: مِفْعَلٌ، مِفْعَلَۃٌ اور مِفْعَالٌ، اور ثلاثی مجرد کے علاوہ ابواب سے اسم آلہ نہیں آتا، اگر اسم آلہ کے معنی ادا کرنے ہوں تو اس باب کے مصدر کے شروع میں مَابِہٖ لگاتے ہیں۔

اسم تفضیل: وہ اسم مشتق ہے جو دوسرے کی بہ نسبت معنی مصدری (معنی فاعلی) کی زیادتی بتاتا ہے، جیسے اَکْبَرُ: دوسرے سے بڑا۔

اسم تفضیل کے اوزان: اسم تفضیل: صرف ثلاثی مجرد سے بنتا ہے، جبکہ اس میں

(۱) مثال: وہ فعل ہے جس کا فاء کلمہ حرف علت ہے، اور ناقص: وہ فعل ہے جس کا لام کلمہ حرفِ علت ہے۔

رنگ، عیب اور حُلیہ کے معنی نہ ہوں، اور اسم تفضیل واحد مذکر کا وزن اَفْعَلُ، اور واحد مؤنث کا وزن فُعْلٰی ہے، اور مذکر کی جمع مکسّر اَفَاعِلُ، اور مؤنث کی جمع مکسر: فُعَلٌ کے وزن پر آتی ہے...... اور جن ابواب سے اسم تفضیل نہیں آتا: ان سے اسم تفضیل کے معنی ادا کرنے ہوں تو اَشَدُّ، اَزْیَدُ اور اَکْبَرُ وغیرہ لگا کر اس باب کا مصدر منصوب لاتے ہیں، جیسے اَکْثَرُ حُمْرَۃً (زیادہ سرخ)

ابواب کا بیان

ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کے اختلاف سے، اور ماضی ومضارع کو ملانے سے مختلف صورتیں بنتی ہیں، ان کو باب کہتے ہیں، اور فعل دو طرح کا ہوتا ہے: ثلاثی اور رباعی (فعل خماسی نہیں ہوتا) پھر ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں: مجرد اور مزید فیہ، پس کل چار قسمیں ہوئیں:

۱- ثلاثی مجرد: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں تین حروفِ اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف نہ ہو، جیسے نَصَرَ۔

۲- ثلاثی مزید فیہ: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں تین حروفِ اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف بھی ہو، جیسے اَخْرَجَ (نکالا)

۳- رباعی مجرد: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں چار حروف اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف نہ ہو، جیسے دَحْرَجَ: لڑھکایا۔

۴- رباعی مزید فیہ: جس کی ماضی کے پہلے صیغہ میں چار حروفِ اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف بھی ہو، جیسے تَدَحْرَجَ: لڑھکا۔

پھر ثلاثی مجرد کی دو قسمیں ہیں: مُطّرِد اور شاذ:

۱- مطرد: وہ ابواب ہیں جن کا استعمال زیادہ ہوتا ہے، یہ پانچ ابواب ہیں: نَصَرَ یَنْصُرُ، ضَرَبَ یَضْرِبُ، سَمِعَ یَسْمَعُ، فَتَحَ یَفْتَحُ اور کَرُمَ یَکْرُمُ۔

۲-شاذ: وہ ابواب ہیں جن کا استعمال کم ہوتا ہے۔ یہ تین باب ہیں: حَسِبَ يَحْسِبُ، فَضِلَ يَفْضِلُ اور كَادَ يَكَادُ (بروزن فَعِلَ يَفْعَلُ[1])

اسی طرح ثلاثی مزید فیہ کی بھی دو قسمیں ہیں: غیر ملحق برباعی اور ملحق برباعی:

غیر ملحق برباعی کے چودہ باب ہیں: نو باہمزۂ وصل کے اور پانچ بے ہمزۂ وصل کے:

باہمزۂ وصل کے نو باب یہ ہیں:

اِجْتِنَابٌ است و دیگر اِسْتِنْصَارٌ ❁ اِنْفِطَارٌ و اِحْمِرَارٌ و اِحْمِيْرَارٌ

باز اِخْشِيْشَانٌ است و اِجْلِوَّاذٌ ❁ در آخر اِثَّاقُلٌ و اِطَّهُّرٌ از بر دار

اور بے ہمزۂ وصل کے پانچ باب یہ ہیں:

اِكْرَامٌ، تَكْرِيْمٌ، تَقَبُّلٌ نام ❁ مُقَاتَلَه و تَقَابُلٌ شد تمام

اور رباعی مجرد کا صرف ایک باب دَحْرَجَةٌ (بروزن فَعْلَلَةٌ) ہے۔ اور رباعی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کا ایک باب: تَفَعْلُلٌ ہے، جیسے تَسَرْبُلٌ: کرتا پہننا، اور باہمزۂ وصل کے دو باب ہیں: اِحْرِنْجَامٌ (جمع ہونا) بروزن اِفْعِنْلَالٌ اور اِقْشِعْرَارٌ (رونگٹے کھڑے ہونا) بروزن اِفْعِلَّالٌ۔

اور رباعی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کا ایک باب ہے: تَدَحْرُجٌ: بروزن تَفَعْلُلٌ۔

اور ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد کے سات باب ہیں:

جَلْبَبَ، قَلْنَسَ پس جَوْرَبَ داں ❁ سَرْوَلَ، خَيْعَلَ پس شَرْيَفَ خواں

ہفتمیں باب قَلْسَاتَ است بے گماں

اور ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ تَدَحْرَجَ کے آٹھ باب ہیں:

اَلتَّجَلْبُبُ، دگر تَقَلْنُسٌ خواں ❁ پس تَمَسْكُنٌ، دیگر تَعَفْرُتٌ داں

پس تَجَوْرُبٌ ہم از تَسَرْوُلٌ گو ❁ پس تَخَيْعُلٌ، تَقَلْسِ اے خوش خو

اور ثلاثی مزید فیہ ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ کے دو باب ہیں: اِقْعِنْسَاسٌ (سینہ نکلنا اور

(۱) کاد: اجوف واوی ہے، اصل میں كَوِدَ تھا، اور يَكَادُ: يَكْوَدُ تھا۔

پیٹھ دھنسنا) بروزن اِفعِنلَالٌ۔ اور اِسلِنقَاءٌ (چت لیٹنا) بروزن اِفعِنلَاءٌ۔

وزن اور موزون: وزن کے معنی ہیں: تولنا، اور موزون کے معنی ہیں: تولی ہوئی چیز۔ صرفیوں نے کلمہ کو تولنے کے لئے ف، ع، ل کو پیمانہ مقرر کیا ہے، جو وزن کہلاتا ہے، اور مادّہ کا جو حرف ف کے مقابل ہوتا ہے: اس کو فا کلمہ، اور جو ع کے مقابل ہوتا ہے: اس کو عینِ کلمہ، اور جو ل کے مقابل ہوتا ہے: اس کو لام کلمہ کہتے ہیں، اور جو کلمہ تولا جاتا ہے: اس کو موزون کہتے ہیں، جیسے ضَرَبَ کا وزن فَعَلَ ہے، پس ضَرَبَ موزون ہے، اور فَعَلَ وزن ہے۔

مادّہ: لفظ کے وہ بنیادی حروف ہیں: جن سے کلمہ بنتا ہے، اور جو کلمہ کی تمام گردانوں میں برقرار رہتے ہیں۔ انہیں ''حروفِ اصلیہ'' بھی کہتے ہیں۔ یہ حروف: وزن کرنے میں ف، ع اور ل کے مقابل واقع ہوتے ہیں۔

حروفِ زائدہ: کلمہ کے وہ حروف ہیں جو وزن کرنے میں ف، ع اور ل کے مقابل واقع نہیں ہوتے۔ جیسے اِستَنصَرَ (اس نے مدد طلب کی) اِستَفعَلَ کے وزن پر ہے، پس ن، ص، ر تو اصلی حروف ہیں، اور ا، س، ت زائد حروف ہیں، اور ن، ص، ر مادّہ ہیں: ن: فا کلمہ، ص: عین کلمہ، اور ر: لام کلمہ ہے۔

حروفِ علت: تین ہیں: واو، الف، یاء، جن کا مجموعہ وَائ ہے[1]، یہ حروف: ضمہ، فتحہ اور کسرہ کو کھینچنے سے پیدا ہوتے ہیں[2]، اس لئے واو کو اختِ ضمہ (پیش کی بہن) اور الف کو اختِ فتحہ اور یاء کو اختِ کسرہ کہتے ہیں..... حروفِ علت میں سب سے زیادہ ثقیل واو ہے، پھر یاء، پھر الف۔

الف اور ہمزہ میں فرق: الف: ہمیشہ ساکن ہوتا ہے، اور جھٹکے کے بغیر سہولت

---

(۱) علت کے معنی بیماری کے ہیں، اور بیمار چونکہ ''ہائے وائے'' کرتا ہے، اس لئے ان حروف کو ''حروفِ علت'' کہتے ہیں۔

(۲) ضمہ کو کھینچنے سے واو، فتحہ کو کھینچنے سے الف، اور کسرہ کو کھینچنے سے یاء پیدا ہوتی ہے۔

اور ہمزہ: متحرک ہوتا ہے..... اور لَا کا الف جیسے: مَا اور لَا کا الف..... اور ہمزہ: متحرک ہوتا ہے، اور اگر ساکن ہو تو جھٹکے کے ساتھ ادا ہوتا ہے، جیسے قَرَأْ اور رَأْسٌ۔

حروفِ مدّہ: جب حروفِ علت ساکن ہوں، اور ان کے ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہو، یعنی واو سے پہلے ضمہ ہو، الف سے پہلے فتحہ ہو، اور یاء سے پہلے کسرہ ہو، تو ان کو حروفِ مدّہ کہتے ہیں، جیسے: قَالَ، يَقُوْلُ اور يَبِيْعُ۔

حروفِ لین: جب حروفِ علت ساکن ہوں، اور ان کے ماقبل کی حرکت ان کے مخالف ہو، تو ان کو حروفِ لین کہتے ہیں، جیسے قَوْلٌ اور بَيْعٌ (۱)

مصدر معروف و مجہول: عربی میں مصدر معروف و مجہول میں کچھ فرق نہیں ہوتا، صرف صغیر میں نَصَرَ يَنْصُرُ کے بعد جو نَصْرًا آتا ہے: وہ مصدر معروف ہوتا ہے، اس کا ترجمہ ہے: مدد کرنا، اور نُصِرَ يُنْصَرُ کے بعد جو نَصْرًا آتا ہے، وہ مصدر مجہول ہوتا ہے، اس کا ترجمہ ہے: مدد کیا جانا۔

فائدہ: یہ بات کہ کونسا فعل کس باب سے ہے؟ اس کے لئے ثلاثی مجرد میں کوئی قاعدہ نہیں، یہ چیز سماعی (اہل زبان سے سننے پر موقوف) ہے، لغت کی کتابوں ہی سے یہ بات معلوم ہو سکتی ہے، اور باب یاد رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ماضی مضارع اور مصدر کو ملا کر صحیح اعراب کے ساتھ رٹا جائے۔

---

(۱) الف سے پہلے ہمیشہ فتحہ ہوتا ہے، اس لئے وہ حرفِ لین نہیں ہوتا..... اور اگر حروفِ علت: کلمہ کے شروع میں ہوں تو ان کو نہ مدہ کہتے ہیں نہ لین، اس صورت میں ان کو صرف حرفِ علت کہتے ہیں، جیسے وَعَدَ اور يَسَرَ..... اور مدّہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ مدّ کے معنی ہیں: کھینچنا، لمبا کرنا، اور یہ حروف چونکہ حرکت کو کھینچنے سے پیدا ہوتے ہیں: اس لئے ان کو مدّہ کہتے ہیں..... اور لین کے معنی ہیں: نرمی، اور یہ حروف: سکون کی حالت میں اور ماقبل کی حرکت مخالف ہونے کی حالت میں نرمی سے ادا ہوتے ہیں، اس لئے وہ حروفِ لین کہلاتے ہیں۔

ہفت اقسام کا بیان

اسماء وافعال کی حروفِ اصلی کی نوعیت کے اعتبار سے چار قسمیں ہیں: صحیح، مہموز، معتل اور مضاعف۔

۱- صحیح: وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلی (مادّے) میں ہمزہ، حرفِ علت، اور دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں۔ جیسے: نَصَرَ، بَعْثَرَ، رَجُلٌ، جَعْفَرٌ، سَفَرْجَلٌ (بہی، سیب جیسا ایک پھل)

۲- مہموز: وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلی میں ہمزہ ہو۔ پھر مہموز کی تین قسمیں ہیں: مہموز الفاء، مہموز العین، اور مہموز اللام:

(الف) مہموز الفاء: وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: أَمَرَ (حکم کیا) اور أَمْرٌ (کام، فرمان)

(ب) مہموز العین: وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: سَأَلَ اور سُؤَالٌ۔

(ج) مہموز اللام: وہ کلمہ ہے جس کے لام کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے قَرَأَ اور قِرَاءَۃٌ۔

معتل: وہ لفظ ہے جس کے حروفِ اصلی میں حرفِ علت ہو...... پھر معتل کی دو قسمیں ہیں: معتل یک حرفی، اور معتل دو حرفی۔ اول کو معتلِ مفرد اور صرف معتل کہتے ہیں، اور ثانی کو لفیف کہتے ہیں...... پھر معتلِ یک حرفی کی تین قسمیں ہیں: معتلِ فاء، اس کو مثال کہتے ہیں، اور معتلِ عین، اس کو اجوف کہتے ہیں، اور معتلِ لام، اس کو ناقص کہتے ہیں۔

اور معتل دو حرفی یعنی لفیف کی دو قسمیں ہیں: لفیف مفروق اور لفیف مقرون:

۳- مثال: وہ معتل ہے جس کے فاء کلمہ میں حرفِ علت ہو، جیسے وَعَدَ اور یَسَرَ (نرم ہوا) پھر اگر حرفِ علت واو ہو تو اس کو "مثالِ واوی" اور یاء ہو تو اس کو "مثالِ یائی" کہتے ہیں (فاء کلمہ کی جگہ الف نہیں ہوتا، کیونکہ ساکن سے ابتدا نہیں ہوسکتی)

۴- اجوف: وہ معتل ہے جس کے عین کلمہ میں حرفِ علت ہو، جیسے قَوْلٌ اور لَيْلٌ، پھر اگر حرف علت واو ہو تو اس کو ''اجوف واوی'' اور یاء ہو تو اس کو ''اجوف یائی'' کہتے ہیں (اور عین کلمہ کی جگہ بھی الف : اصلی نہیں ہوتا، واو یا یاء سے بدلا ہوا ہوتا ہے، جیسے قَالَ اور بَاعَ[1])

۵- ناقص: وہ معتل ہے جس کے لام کلمہ میں حرفِ علت ہو، جیسے عَفْوٌ (درگذر کرنا) اور رَمْیٌ (تیر پھینکنا) پھر اگر حرفِ علت واو ہو تو اس کو ''ناقص واوی'' اور یاء ہو تو اس کو ''ناقص یائی'' کہتے ہیں (اور لام کلمہ کی جگہ بھی الف اصلی نہیں ہوتا، واو یا یاء سے بدلا ہوا ہوتا ہے، جیسے عَفَا (درگذر کیا) اور رَمیٰ (تیر پھینکا)[2]

۶- اور لفیف کی دو قسمیں ہیں: لفیفِ مفروق اور لفیف مقرون:

(الف) لفیفِ مفروق: وہ معتل بدو حرف ہے جس میں دونوں حرفِ علت علاحدہ علاحدہ ہوں، جیسے وَحْیٌ۔

(ب) لفیفِ مقرون: وہ معتل بدو حرف ہے جس میں دونوں حرفِ علت ملے ہوئے ہوں، جیسے یَوْمٌ اور طَویٌ (لپیٹنا)

۷- مضاعف: وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف ایک جنس کے ہوں...... پھر مضاعف کی دو قسمیں ہیں: مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی:

(الف) مضاعف ثلاثی: وہ مضاعف ہے جس میں ایک حرف مکرر ہو، جیسے مَدٌّ (اصل میں مَدَدٌ) اور سَبَبٌ۔

(ب) مضاعف رباعی: وہ مضاعف ہے جس میں دو حرف مکرر ہوں، جیسے زَلْزَلَ (ہلا ڈالا) اور ذَبْذَبَ (ہلا)

---

(۱) قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، اور باعَ اصل　　　تھا، واو یاء متحرک ماقبل مفتوح تھا، اس لئے دونوں کو الف سے بدلا۔

(۲) عَفَا: اصل میں عَفَوَ، اور رَمیٰ: اصل میں رَمَیَ تھا۔

پس کل قسمیں چودہ ہوئیں [1] اگرچہ بنیادی قسمیں چار ہیں [2]، مگر صرفیوں نے ابحاث کی زیادتی کی وجہ سے معتل کی چاروں قسموں (مثال، اجوف، ناقص اور لفیف) کو مستقل شمار کیا ہے، اس لئے بنیادی قسمیں سات ہوئیں، جن کو ''ہفت اقسام'' کہتے ہیں، جو اس شعر میں جمع ہیں:

صحیح است ومثال است ومضاعف ❁ لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

تصریفات (گردانیں)

صحیح کی گردانیں حصہ اول میں آچکی ہیں، باقی اقسام کی گردانیں یہاں دی جاتی ہیں:.

مہموز کا بیان

مہموز کی گردانوں میں تبدیلی بہت کم ہوتی ہے، اور جو ہوتی ہے: وہ درج ذیل قاعدوں پر مبنی ہے:

قاعدہ: کلمہ میں ہمزہ یا تو ایک ہوگا یا دو۔ پہلی صورت میں تخفیف جائز ہے، اور دوسری صورت میں واجب۔

قاعدہ: اگر کلمہ میں ایک ہمزہ ہو، اور وہ ساکن ہو، اور اس کا ماقبل متحرک ہو، تو اس کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے رَأْسٌ سے رَاسٌ (سر) بُؤْسٌ سے بُوْسٌ (خستہ حالی) اور ذِئْبٌ سے ذِیْبٌ (بھیڑیا)

قاعدہ: اور اگر کلمہ میں دو ہمزہ ہوں، اور پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو تو دوسرے

---

(۱) ۱- صحیح ۲- مہموز الفاء ۳- مہموز العین ۴- مہموز اللام ۵- مثال واوی ۶- مثال یائی ۷- اجوف واوی ۸- اجوف یائی ۹- ناقص واوی ۱۰- ناقص یائی ۱۱- لفیف مفروق ۱۲- لفیف مقرون ۱۳- مضاعف ثلاثی ۱۴- مضاعف رباعی۔

(۲) ۱- صحیح، ۲- مہموز، ۳- معتل، ۴- مضاعف۔

ہمزہ کو، پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدلنا واجب ہے، جیسے أَءْمَنَ سے آمَنَ، أُءْمِنَ سے أُوْمِنَ، اور إِءْمَانًا سے إِيْمَانًا۔

فائدہ: کُلْ (کھا) خُذْ (لے) اور مُرْ (حکم دے) اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں، ان کلمات میں خلافِ قیاس دونوں ہمزہ حذف کئے گئے ہیں۔

قاعدہ: اور اگر دونوں ہمزہ متحرک ہوں، اور ان میں سے کوئی بھی ایک مکسور ہو، تو دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے جَاءٍ اور أَيِمَّةٌ [1]

قاعدہ: اور اگر دونوں ہمزہ متحرک ہوں، اور کوئی بھی مکسور نہ ہو، تو دوسرے ہمزہ کو واو سے بدلنا واجب ہے، جیسے أَءَادِمُ سے أَوَادِمُ (آدم کی جمع) اور أُءَمِّلُ سے أُوَمِّلُ (میں امید رکھتا ہوں)

فائدہ: أُكْرِمُ مضارع صیغہ واحد متکلم از باب افعال اصل میں أُءَكْرِمُ تھا، خلافِ قیاس دوسرے ہمزہ کو حذف کیا، پھر باقی صیغوں سے اس کی موافقت میں ہمزہ کو حذف کیا۔

گردان مہموز الفاء: از باب نصر: الأَمْرُ: حکم دینا

أَمَرَ، يَأْمُرُ [2]، أَمْرًا، فهو آمِرٌ () أُمِرَ، يُؤْمَرُ، أَمْرًا، فهو مَأْمُورٌ () الامر منہ:

(۱) جَاءٍ: اسم فاعل: اصل میں جَايِءٌ تھا، (اس کا فعل جَاءَ: مہموز اللام واجوف یائی ہے) یاء: الف زائدہ (اسم فاعل کے الف) کے بعد واقع ہوئی، اس لئے اس کو ہمزہ سے بدل دیا، جَاءِءٌ ہوا، پھر کتاب میں مذکور قاعدے سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلا تو جَاءِيٌ ہوا، پھر ضمہ: یاء پر بھاری تھا اس لئے یاء کو ساکن کردیا، پس دو ساکن (یاء اور تنوین) جمع ہوئے اس لئے یاء کو گرادیا، اور تنوین ہمزہ کو دیدی: جَاءٍ (آنے والا، اسم فاعل) ہوگیا...... اور أَيِمَّةٌ: اصل میں أَئِمَّةٌ تھا، قاعدہ مذکورہ سے ہمزہ کو یاء سے بدلا: أَيِمَّةٌ (جمع إِمَامٌ: پیشوا) ہوا (أَئِمَّةٌ میں یہ قاعدہ جوازی ہے، کیونکہ سورۃ التوبہ آیت ۱۲ میں أَئِمَّةٌ (ہمزہ کے ساتھ) آیا ہے)

(۲) مضارع معروف و مجہول، اسم مفعول، فعل نہی، اسم ظرف اور اسم آلہ میں ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدل کر يَامُرُ، يُوْمَرُ، مَامُوْرٌ، لَاتَامُرْ، مَامَرٌ اور مِيْمَرٌ پڑھنا جائز ہے۔

مُرْ(۱)، والنهي عنه: لَا تَأْمُرْ، الظرف منه: مَأْمَرٌ، والآلة منه: مِئْمَرٌ، ومِئْمَرَةٌ، ومِئْمَارٌ، اسم التفضيل منه: آمَرُ(۲)، والمؤنث منه: أُمْرىٰ۔

اس باب کی صرف کبیر: صحیح کی طرح ہے۔

تمرین

۱-اَسَرَ، يَأْسِرُ اَسْرًا (قید کرنا) باب ضرب سے گردان کریں (امر: اِيْسِرْ، نہی لَاتَأْسِرْ)......۲- اَذِنَ، يَأْذَنُ، اِذْنًا (اجازت دینا) باب سمع سے گردان کریں (امر: اِيْذَنْ)......۳- اَمُنَ، يَأْمُنُ، اَمَانَةً (امانت دار ہونا) باب کرم سے گردان کریں (امر: اُوْمُنْ)

گردان مہموز الفاء: از باب اِفْعَال: الإِيْمان: یقین کرنا

آمَنَ(۳)، يُؤْمِنُ(۴)، اِيْمَانًا(۵)، فهو مُؤْمِنٌ () اُوْمِنَ، يُؤْمَنُ، اِيْمَانًا، فهو مُؤْمَنٌ

(۱) مُرْ میں خلاف قیاس دونوں ہمزہ حذف کئے گئے ہیں......اَمَرَ اور سَأَلَ کے فعل امر سے: جب وہ ابتدائے کلام میں واقع ہو: ہمزہ حذف کردیتے ہیں، جیسے مُرُوْا أولادكم بالصلاة، وهم أبناء سبع سِنِيْنَ (حدیث) ﴿سَلْ بَنِىْ اِسْرَآئِيْلَ﴾ اور اگر درمیان کلام میں آئے تو حذف کرنا اور باقی رکھنا: دونوں جائز ہیں، جیسے قيل له: مُرِ ابْنَك بالصلاة اور قيل له: سَلْ تُعْطَهْ یا قيل لهٗ: اُوْمُرِ ابْنَك بالصلاة اور قيل لهٗ: اسْأَلْ تُعْطَهْ (۲) اسم تفضیل آمَرُ میں دوسرے ہمزہ کو حرف علت سے بدلنا واجب ہے، (۳) آمَنَ: اصل میں اَءْ مَنَ تھا، دو ہمزہ اکٹھا ہوئے، پہلا متحرک دوسرا ساکن، اس لئے دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرفِ علت الف سے بدل دیا (امر میں بھی یہی تعلیل ہوگی) (۴) يُؤْمِنُ: اصل میں يُؤْمِنُ تھا، ہمزہ ساکن: ماقبل مضموم: اس لئے ہمزہ کو واو سے بدل دیا (ماضی مجہول، مضارع مجہول، اسم فاعل، اسم مفعول اور نہی میں بھی یہی تعلیل ہوگی) (۵) اِيْمَانًا: اصل میں اِءْ مَانًا تھا، دو ہمزہ اکٹھا ہوئے، پہلا متحرک دوسرا ساکن اس لئے دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرفِ علت یاء سے بدل دیا۔

الامر منہ: آمِنْ، والنہی عنہ لاتُؤْمِنْ، الظرف منہ: مُؤْمَنٌ، والآلۃ منہ: مَابِہِ الإِیْمَانُ، واسم التفضیل منہ: اَشَدُّ اِیْمَانًا۔

تمرین

۱- اِیْتَمَرَ، یَأْتَمِرُ، اِیْتِمَارًا (فرمانبرداری کرنا) باب افتعال سے گردان کریں (امر: اِیْتَمِرْ)......۲- اِسْتَاذَنَ، یَسْتَأْذِنُ، اِسْتِئْذَانًا (اجازت طلب کرنا) باب استفعال سے گردان کریں (امر: اِسْتَأْذِنْ)......۳- اَدَّبَ، یُؤَدِّبُ، تَادِیْبًا (ادب سکھانا) باب تفعیل سے گردان کریں (امر: اَدِّبْ)......۴- آخَذَ، یُؤَاخِذُ، مُؤَاخَذَۃً (گرفت کرنا) باب مفاعلۃ سے گردان کریں (امر: آخِذْ)......۵- تَأَدَّبَ، یَتَأَدَّبُ، تَأَدُّبًا (ادب حاصل کرنا) باب تَفَعُّلْ سے گردان کریں (امر: تَأَدَّبْ)

گردان مہموز العین: از باب فتح: السُّؤَالُ: پوچھنا

سَأَلَ، یَسْأَلُ، سُؤَالاً، فھو سَائِلٌ () سُئِلَ، یُسْأَلُ، سُؤَالاً، فھو مَسْؤُوْلٌ ()

الامر منہ: سَلْ، والنہی عنہ: لاتَسْأَلْ، الظرف منہ: مَسْأَلٌ، والآلۃ منہ: مِسْأَلٌ، ومِسْأَلَۃٌ، ومِسْآلٌ، اسم التفضیل منہ: اَسْأَلُ، والمؤنث منہ: سُؤْلٰی۔

تمرین

سَئِمَ، یَسْأَمُ، سَأْمًا (رنجیدہ ہونا) باب سمع سے گردان کریں (امر: اِسْأَمْ)

گردان مہموز اللام: از باب فتح: البَدْءُ: شروع کرنا

بَدَأَ، یَبْدَأُ، بَدْءًا، فھو بَادِئٌ () بُدِئَ، یُبْدَأُ، بَدْءًا، فھو مَبْدُوْءٌ[1]، الامر منہ:

(۱) مَبْدُوْءٌ کو مَبْدُوٌّ بھی پڑھ سکتے ہیں، کیونکہ ہمزہ متحرک اور اس سے پہلے واو ساکن ایک کلمہ میں جمع ہوئے ہیں، اس لئے ہمزہ کو واو سے بدل کر واو کا واو میں ادغام بھی کر سکتے ہیں۔

اِبْدَأْ، والنہی عنہ: لَاتَبْدَأْ، الظرف منہ: مَبْدَأٌ، والآلۃ منہ: مِبْدَأٌ، ومِبْدَأَۃٌ، ومِبْدَاءٌ، اسم التفضیل منہ: اَبْدَأُ، والمؤنث منہ: بُدْئٰی۔

تمرین (درج ذیل مصادر سے گردانیں کریں)

(۱) القِرَاءَۃُ: پڑھنا: باب فتح سے گردان کریں (اِقْرَأْ، لَاتَقْرَأْ)

(۲) الجُرْأَۃُ: دلیر ہونا: باب کرم سے گردان کریں (جَرِئَ، اُجْرُؤْ، لَاتَجْرُؤْ)

گردان مہموز اللام: از باب افتعال: الإِجْتِرَاءُ: دلیری دکھانا

اِجْتَرَأَ، یَجْتَرِئُ، اِجْتِرَاءً، فھو مُجْتَرِئٌ () اُجْتُرِئَ، یُجْتَرَأُ، اجْتِرَاءً، فھو مُجْتَرَئٌ، الامر منہ: اِجْتَرِئْ، والنہی عنہ: لَاتَجْتَرِئْ۔

معتل کا بیان

معتل کی دو قسمیں ہیں: معتل یک حرفی اور معتل دو حرفی۔ اول کی تین قسمیں ہیں: مثال، اجوف اور ناقص۔

مثال: وہ معتل ہے: جس کے فا کلمہ میں حرف علت ہو، پھر مثال کی دو قسمیں ہیں: مثال واوی اور مثال یائی، اگر فا کلمہ کی جگہ واو ہو تو اس کو مثال واوی کہتے ہیں، جیسے وَعد اور یاء ہو تو اس کو مثال یائی کہتے ہیں، جیسے یَسَرَ[1]

مثال کی تعلیل کے قواعد

قاعدہ(۱): اگر واو: علامتِ مضارع مفتوح، اور عین کلمہ مکسور کے درمیان واقع ہو تو اس واو کو حذف کر دیتے ہیں، جیسے یَوْعِدُ سے یَعِدُ، اور اگر عین کلمہ مکسور نہ ہو، مگر عین یا لام کلمہ حرف حلقی ہو تو بھی واو کو حذف کر دیتے ہیں، جیسے یَوْھَبُ سے

(۱) مثال: کے معنی ہیں: مانند، اور مثال کو مثال اس لئے کہتے ہیں کہ اس کی ماضی کی گردانیں صحیح کی طرح ہوتی ہیں، ان میں کوئی تعلیل نہیں ہوتی۔ البتہ مضارع معروف میں تعلیل ہوتی ہے:

یَھَبُ اور یَوْضَعُ سے یَضَعُ (۱)

قاعدہ (۲): اگر مثال واوی کا مصدر فِعْلٌ کے وزن پر ہو، اور اس کے مضارع سے واو حذف ہو گیا ہو، تو اس واو کو مصدر سے بھی حذف کر دیتے ہیں، پھر واو کے بدل آخر میں گول تاء بڑھا دیتے ہیں، اور عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں، تاکہ ابتداء بالسکون لازم نہ آئے، جیسے وَعْدٌ سے عِدَةٌ۔

قاعدہ (۳): مثال کے ہر باب سے اسم ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے مَوْعِدٌ، مَوْھِبٌ۔

قاعدہ (۴): جو واو ساکن غیر مدغم ہو، اور اس کا ماقبل مکسور ہو تو وہ واو: یاء سے بدل جاتا ہے، جیسے مِوْزَانٌ سے مِیْزَانٌ (ترازو) (۲)

قاعدہ (۵): جو یاء ساکن غیر مدغم ہو، اور اس کا ماقبل مضموم ہو تو وہ یاء: واو سے بدل جاتی ہے، جیسے مُیْقِنٌ سے مُوْقِنٌ (۳)

قاعدہ (۶): باب افتعال کے فاء کلمہ کی جگہ اگر واو یا یاء ہوں، اور وہ ہمزہ سے بدلے ہوئے نہ ہوں تو اس واو اور یاء کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے اِوْتَقَدَ سے اِتَّقَدَ اور اِیْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ (۴)

مثال واوی کا بیان

مثال واوی ثلاثی مجرد کے پانچ بابوں سے آتی ہے: ضرب، سمع، فتح، کرم

(۱) حروف حلقی چھ ہیں: ہمزہ، حاء، خاء، عین، غین اور ہاء......اور اس قاعدہ سے چند فعل مستثنیٰ ہیں: جیسے وَسِخَ یَوْسَخُ وَسَخًا اور وَجِعَ یَوْجَعُ وَجَعًا، ان میں لام کلمہ حرف حلقی ہے، پھر بھی واو نہیں گرا (۲) اِجْلِوَّاذٌ (گھوڑے کا دوڑنا) میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا، کیونکہ اس میں پہلا واو ساکن مدغم ہے (۳) مُیَّزَ میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا، کیونکہ اس میں پہلی یاء ساکن مدغم ہے (۴) اِیتَمَرَ میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا، کیونکہ اس میں یاء ہمزہ سے بدلی ہوئی ہے، اس کی اصل اِئْتَمَرَ ہے۔

اور حسب سے۔

مثال واوی از باب ضرب: الوَعْدُ: وعدہ کرنا۔

صرف صغیر: وَعَدَ، يَعِدُ، وَعْدًا وَعِدَةً، فَهو وَاعِدٌ ○ وُعِدَ يُوْعَدُ، وَعْدًا وَعِدَةً، فَهو مَوْعُوْدٌ ○ الامر منہ: عِدْ، والنہی عنہ: لاَتَعِدْ، الظرف منہ: مَوْعِدٌ، والآلۃ منہ: مِيْعَدٌ، ومِيْعَدَةٌ، ومِيْعَادٌ، اسم التفضیل منہ: أَوْعَدُ، والمؤنث منہ: وُعْدیٰ۔

صرف کبیر

فعل ماضی مثبت معروف: وَعَدَ[1]، وَعَدَا، وَعَدُوْا ○ وَعَدَتْ، وَعَدَتَا، وَعَدْنَ، وَعَدْتَ، وَعَدْتُمَا، وَعَدْتُمْ ○ وَعَدْتِ، وَعَدْتُمَا، وَعَدْتُنَّ ○ وَعَدْتُ، وَعَدْنَا.

(ضَرَبَ کی طرح گردان ہے)

فعل ماضی مثبت مجہول: وُعِدَ، وُعِدَا، وُعِدُوْا ○ وُعِدَتْ، وُعِدَتَا، وُعِدْنَ ○ وُعِدْتَ، وُعِدْتُمَا، وُعِدْتُمْ ○ وُعِدْتِ، وُعِدْتُمَا، وُعِدْتُنَّ ○ وُعِدْتُ، وُعِدْنَا

(ضُرِبَ: کی طرح گردان ہے)

ماضی منفی معروف ومجہول: مَا اور لاَ لگا کر ماضی منفی معروف اور ماضی منفی مجہول کی گردانیں کریں۔

فعل مضارع مثبت معروف: يَعِدُ[2]، يَعِدَانِ، يَعِدُوْنَ ○ تَعِدُ، تَعِدَانِ، يَعِدْنَ، تَعِدُ، تَعِدَانِ، تَعِدُوْنَ ○ تَعِدِيْنَ، تَعِدَانِ، تَعِدْنَ ○ اَعِدُ، نَعِدُ۔

فعل مضارع مثبت مجہول: يُوْعَدُ، يُوْعَدَانِ، يُوْعَدُوْنَ ○ تُوْعَدُ، تُوْعَدَانِ،

---

(۱) وَعَدَ: وعدہ کیا اس ایک مرد نے، وُعِدَ: وعدہ کیا گیا وہ ایک مرد، مَا/لاَ وَعَدَ: وعدہ نہیں کیا اس ایک مرد نے، مَا/لاَ وُعِدَ: وعدہ نہیں کیا گیا وہ ایک مرد۔ گردانیں ترجمہ کے ساتھ کرائیں۔

(۲) يَعِدُ: اصل میں يَوْعِدُ (بروزن يَضْرِبُ) تھا، واو: علامتِ مضارع مفتوح، اور عین کلمہ مکسور کے درمیان واقع ہوا، اس لئے واو کو حذف کر دیا (باقی صیغوں میں بھی یہی تعلیل ہوگی)

یُوْعَدْنَ ۝ تُوْعَدُ، تُوْعَدَانِ، تُوْعَدُوْنَ ۝ تُوْعَدِیْنَ، تُوْعَدَانِ، تُوْعَدْنَ ۝ اُوْعَدُ، نُوْعَدُ: (یُضْرَبُ: کی طرح گردان ہوگی)

مضارع منفی معروف ومجہول: مضارع معروف ومجہول کے شروع میں لَا لگا کر مضارع منفی معروف ومجہول کی گردانیں کریں۔

نفی تاکید بہ لن درفعل مضارع معروف: لَنْ یَّعِدَ، لَنْ یَّعِدَا، لَنْ یَّعِدُوْا ۝ لَنْ تَعِدَ لَنْ تَعِدَا، لَنْ یَّعِدْنَ ۝ لَنْ تَعِدَ، لَنْ تَعِدَا، لَنْ تَعِدُوْا ۝ لَنْ تَعِدِیْ، لَنْ تَعِدَا، لَنْ تَعِدْنَ ۝ لَنْ اَعِدَ، لَنْ نَعِدَ(۱)

فائدہ: لَنْ کی وجہ سے پانچ صیغوں میں نصب آیا ہے، اور سات صیغوں سے نون اعرابی گرا ہے، اور دو صیغوں میں نون فاعلی باقی ہے۔

نفی تاکید بہ لن درفعل مضارع مجہول: لن یُّوْعَدَ، لن یُّوْعَدَا، لن یُّوْعَدُوْا ۝ لَنْ تُوْعَدَ، لن تُوْعَدَا، لن یُّوْعَدْنَ ۝ لن تُوْعَدَ، لن تُوْعَدَا، لن تُوْعَدُوْا ۝ لن توعَدِی، لن توعدا، لن تُوْعَدْنَ ۝ لن اُوْعَدَ، لن نُوْعَدَ۔

نفی جحد بہ لم درفعل مضارع معروف: لم یَعِدْ، لم یَعِدَا، لم یَعِدُوْا ۝ لَمْ تَعِدْ، لم تَعِدَا، لم یَعِدْنَ ۝ لَمْ تَعِدْ، لم تَعِدَا، لم تَعِدُوْا ۝ لم تَعِدِیْ، لم تَعِدَا، لم تَعِدْنَ ۝ لم اَعِدْ، لم نَعِدْ۔

فائدہ: لم کی وجہ سے پانچ صیغوں میں جزم آیا ہے، اور سات صیغوں سے نون اعرابی گرا ہے اور دو صیغوں میں نون فاعلی باقی ہے۔

نفی جحد بہ لم درفعل مضارع مجہول: لم یُوْعَدْ، لم یُوْعَدَا، لم یُوْعَدُوْا آخر تک لم یُضْرَبْ کی طرح۔

لام تاکید بانون تاکید ثقـ...ـارع معروف: لَیَعِدَنَّ، لَیَعِدَانِّ، لَیَعِدُنَّ ۝ لَتَعِدَنَّ، لَتَعِدَانِّ، لَیَعِدْ...ـِدنَّ، لَتَعِدَانِّ، لَتَعِدُنَّ ۝ لَتَعِدِنَّ، لَتَعِدَانِّ،

(۱) سب صیغوں میں یَعِدُ (مضارع معروف) جیسی تعلیل ہوئی ہے۔

لَتَعِدْنَانِّ ٥ لَاَعِدَنَّ، لَنَعِدَنَّ۔

لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ درفعل مضارع مجہول: لَیُوْعَدَنَّ، لَیُوْعَدَانِّ، لَیُوْعَدُنَّ آخر تک (لَیُضْرَبَنَّ کی طرح)

لام تاکید بانون تاکید خفیفہ درفعل مضارع معروف: لَیَعِدَنْ، لَیَعِدُنْ، لَتَعِدَنْ، لَتَعِدَنْ، لَتَعِدُنْ، لَتَعِدِنْ، لَاَعِدَنْ، لَنَعِدَنْ.

لام تاکید بانون تاکید خفیفہ درفعل مضارع مجہول: لَیُوْعَدَنْ، لَیُوْعَدُنْ آخر تک۔

امر حاضر معروف: عِدْ، عِدَا، عِدُوْا ٥ عِدِیْ، عِدَا، عِدْنَ[1]

امر غائب ومتکلم معروف: لِیَعِدْ، لِیَعِدَا، لِیَعِدُوْا ٥ لِتَعِدْ، لِتَعِدَا، لِیَعِدْنَ ٥ لِاَعِدْ، لِنَعِدْ۔

امر مجہول: لِیُوْعَدْ، لِیُوْعَدَا، لِیُوْعَدُوْا ٥ لِتُوْعَدْ، لِتُوْعَدَا، لِیُوْعَدْنَ ٥ لِتُوْعَدْ، لِتُوْعَدَا، لِتُوْعَدُوْا ٥ لِتُوْعَدِیْ، لِتُوْعَدَا، لِتُوْعَدْنَ ٥ لِاُوْعَدْ، لِنُوْعَدْ.

فائدہ: لام امر ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔

امر حاضر معروف بانون ثقیلہ: عِدَنَّ، عِدَانِّ، عِدُنَّ ٥ عِدِنَّ، عِدَانِّ، عِدْنَانِّ۔

امر غائب ومتکلم معروف بانون ثقیلہ: لِیَعِدَنَّ، لِیَعِدَانِّ، لِیَعِدُنَّ ٥ لِتَعِدَنَّ، لِتَعِدَانِّ، لِیَعِدْنَانِّ ٥ لِاَعِدَنَّ، لِنَعِدَنَّ۔

امر مجہول بانون ثقیلہ: لِیُوْعَدَنَّ، لِیُوْعَدَانِّ، لِیُوْعَدُنَّ الی آخرہ۔

امر حاضر معروف بانون خفیفہ: عِدَنْ، عِدُنْ، عِدِنْ.

امر غائب ومتکلم معروف بانون خفیفہ: لِیَعِدَنْ، لِیَعِدُنْ، لِتَعِدَنْ، لِاَعِدَنْ، لِنَعِدَنْ۔

امر مجہول بانون خفیفہ: لِیُوْعَدَنْ، لِیُوْعَدُنْ، لِتُوْعَدَنْ، لِتُوْعَدَنْ، لِتُوْعَدُنْ،

---

(۱) عِدْ: اصل میں تَعِدُ (مضارع واحد حاضر معروف) تھا، علامت مضارع کو حذف کرنے کے بعد پہلا حرف متحرک تھا، اس لئے ہمزۂ وصل کی ضرورت نہ رہی اور آخر کو ساکن کر دیا: عِدْ ہوگیا۔

لِتُوْعَدِنْ، لِاُوْعَدَنْ، لِنُوْعَدَنْ۔

نہی معروف: لَایَعِدْ، لَایَعِدَا، لَایَعِدُوْا (لم یَعِدْ کی طرح)

نہی مجہول: لَایُوْعَدْ، لَایُوْعَدَا، لَایُوْعَدُوْا الی آخرہ۔

نہی معروف بانون ثقیلہ: لَایَعِدَنَّ، لَایَعِدَانِّ، لَایَعِدُنَّ الی آخرہ۔

نہی مجہول بانون ثقیلہ: لَایُوْعَدَنَّ، لَایُوْعَدَانِّ، لَایُوْعَدُنَّ الی آخرہ۔

نہی معروف بانون خفیفہ: لَایَعِدَنْ، لَایَعِدُنْ، لَاتَعِدَنْ، لَاتَعِدَنْ، لَاتَعِدُنْ، لَاتَعِدِنْ، لَا اَعِدَنْ، لَانَعِدَنْ۔

نہی مجہول بانون خفیفہ: لَایُوْعَدَنْ، لَایُوْعَدُنْ الی آخرہ۔

اسم فاعل: وَاعِدٌ، وَاعِدَانِ، وَاعِدُوْنَ () وَاعِدَةٌ، وَاعِدَتَانِ، وَاعِدَاتٌ۔

اسم مفعول: مَوْعُوْدٌ، مَوْعُوْدَانِ، مَوْعُوْدُوْنَ () مَوْعُوْدَةٌ، مَوْعُوْدَتَانِ، مَوْعُوْدَاتٌ۔

اسم ظرف: مَوْعِدٌ، مَوْعِدَانِ، مَوَاعِدُ۔

اسم آلہ: ۱- مِیْعَدٌ، مِیْعَدَانِ، مَوَاعِدُ ۲- مِیْعَدَةٌ، مِیْعَدَتَانِ، مَوَاعِدُ () ۳-مِیْعَادٌ، مِیْعَادَانِ، مَوَاعِیْدُ.

اسم تفضیل: اَوْعَدُ، اَوْعَدَانِ، اَوْعَدُوْنَ، اَوَاعِدُ () وُعْدیٰ، وُعْدَیَانِ، وُعْدَیَاتٌ، وُعَدٌ.

فائدہ: اَوْعَدُوْنَ: جمع مذکر سالم ہے، اور اَوَاعِدُ: جمع مکسر، اسی طرح وُعْدَیَاتٌ: جمع مؤنث سالم ہے، اور وُعَدٌ: جمع مؤنث مکسر۔

تمرین (افعال ذیل سے گرادنیں کریں)

(۱) وَثَبَ، یَثِبُ، وَثْبًا وَثِبَةً: کودنا، چھلانگ لگانا...... (۲) وَثِقَ، یَثِقُ، وُثُوْقًا، وَثِقَةً: اعتماد کرنا بھروسہ کرنا...... (۳) وَجَبَ، یَجِبُ، وُجُوْبًا: واجب ہونا، لازم ہونا

(۴)وَجَدَ، یَجِدُ، وَجْدًا وَوِجْدَانًا: پانا، حاصل کرنا......(۵)وَرَدَ، یَرِدُ، وُرُوْدًا: آنا......(۶)وَصَفَ، یَصِفُ، وَصْفًا وَصِفَةً: کسی چیز کی حالت بیان کرنا، تعریف کرنا......(۷)وَضَحَ، یَضِحُ، وُضُوْحًا: واضح ہونا، ظاہر ہونا......(۸)وَعَظَ یَعِظُ، وَعْظًا وَعِظَةً: نصیحت کرنا، انجام یاد دلانا......(۹)وَقَفَ، یَقِفُ، وَقْفًا وَوُقُوْفًا: ٹھہرنا، رکنا......(۱۰) وَلَجَ، یَلِجُ، وُلُوْجًا: داخل ہونا۔

مثال واوی از باب سَمِعَ یَسْمَعُ: اَلْوَجَلُ: ڈرنا، گھبرانا

صرف صغیر: وَجِلَ یَوْجَلُ(۱)، وَجَلاً، فهو وَاجِلٌ () وُجِلَ(۲) یُوْجَلُ، وَجَلاً، فهو مَوْجُوْلٌ: الامر منه: اِیْجَلْ، والنهی عنه: لا تَوْجَلْ، الظرف منه: مَوْجَلٌ، والآلة منه: مِیْجَلٌ، ومِیْجَلَةٌ، ومِیْجَالٌ، اسم التفضیل منه: اَوْجَلُ، والمؤنث منه: وُجْلٰی(۳)

امر حاضر معروف: اِیْجَلْ، اِیْجَلاَ، اِیْجَلُوْا () اِیْجَلِیْ، اِیْجَلاَ، اِیْجَلْنَ(۴)

اسم آلہ: ۱-مِیْجَلٌ(۵)، مِیْجَلاَنِ، مَوَاجِلُ () ۲- مِیْجَلَةٌ، مِیْجَلَتَانِ، مَوَاجِلُ

---

(۱) یَوْجَلُ میں واو: اس لئے نہیں گرا کہ علامتِ مضارع اگرچہ مفتوح ہے، مگر عین کلمہ مکسور نہیں، اور عین یا لام کلمہ حرفِ حلقی بھی نہیں (۲) اگر کہا جائے کہ اَلْوَجَلُ لازم ہے، اور لازم کا مجہول نہیں آتا، اس کا متعدی اَوْجَلَه (باب افعال) ہے، جس کے معنی ہیں: ڈرانا، خوف زدہ کرنا...... پس اس کا جواب یہ ہے کہ یہ مجہول اس لئے لکھا جاتا ہے کہ گردان میں خلل نہ پڑے، علاوہ ازیں: باء کے ذریعہ لازم کو متعدی بنا کر بوقت ضرورت وُجِلَ بِه بھی کہا جاسکتا ہے (۳) صرف کبیر سَمِعَ یَسْمَعُ کی طرح ہے، ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کا خیال رکھ کر گردانیں کرائیں۔ کسی صیغہ میں تعلیل نہیں ہوئی، صرف امر حاضر معروف اور اسم آلہ میں تعلیل ہوئی ہے (۴): اِیْجَلْ: اصل میں اِوْجَلْ (بروزن اِسْمَعْ) تھا، واو ساکن غیر مدغم اور ماقبل مکسور تھا اس لئے واو کو یاء سے بدلا۔ (۵): مِیْجَلٌ: اصل میں مِوْجَلٌ تھا، قاعدہ مذکورہ سے واو کو یاء سے بدلا۔

۳-مِیْجَالٌ، مَیَاجِیْلُ، مَوَاجِیْلُ-

تمرین (افعال ذیل سے گردانیں کریں)

(۱)وَسِعَ، یَسَعُ، سِعَةً: کشادہ ہونا......(۲)وَجِعَ، یَوْجَعُ، وَجَعًا: دکھی ہونا، تکلیف محسوس کرنا......(۳)وَبِقَ، یَوْبَقُ، وَبَقًا: ہلاک ہونا......(۴)وَلِعَ، یَوْلَعُ وَلَعًا: دلدادہ ہونا(۵)-وَسِخَ، یَوْسَخُ، وَسَخًا: میلا ہونا[1]

مثالِ واوی از باب فَتَحَ یَفْتَحُ: الوَهْبُ والهِبَةُ: بخشا، دینا

صرف صغیر:وَهَبَ، یَهَبُ، وَهْبًا وَهِبَةً، فهو وَاهِبٌ () وُهِبَ، یُوْهَبُ، وَهْبًا وَهِبَةً، فهو مَوْهُوْبٌ، الامر منہ:هَبْ، والنهی عنہ:لا تَهَبْ، الظرف منہ: مَوْهِبٌ، والآلة منہ: مِیْهَبٌ، ومِیْهَبَةٌ، ومِیْهَابٌ، اسم التفضیل منہ:اَوْهَبُ، والمؤنث منہ:وُهْبٰی[2]

---

(۱)یَوْجَعُ، یَوْلَعُ اور یَوْسَخُ میں اگرچہ لام کلمہ حرف حلقی ہے، مگر مضارع سے واو نہیں گرا، کیونکہ یہ تین فعل قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں......اور ان پانچوں افعال کے امر: اِیْسَعْ، اِیْجَعْ، اِیْبَقْ، اِیْلَعْ اور اِیْسَخْ ہیں، اور اسم آلہ: مِیْسَعٌ، مِیْجَعٌ، مِیْبَقٌ، مِیْلَعٌ، اور مِیْسَخٌ ہیں۔
(۲)فعل ماضی مثبت ومنفی: معروف ومجہول: صحیح کی طرح ہیں، ان میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی ......اور مضارع یَهَبُ: اصل میں یَوْهَبُ تھا، واو. علامت مضارع مفتوح اور ایسے فعل کے فتحہ کے درمیان واقع ہوا جس کا عین کلمہ حرف حلقی ہے، اس لئے واو گر گیا، مضارع مثبت معروف کے باقی صیغوں میں بھی یہی تعلیل ہوئی ہے......اور مضارع مثبت مجہول: صحیح کی طرح ہے، اس میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی......اور امر حاضر معروف: هَبْ: اصل میں تَهَبُ (مضارع واحد حاضر معروف) تھا، علامت مضارع حذف کی اور آخر کو ساکن کر دیا: هَبْ ہو گیا......اور اسم آلہ مِیْهَبٌ میں مِیْعَدٌ جیسی تعلیل ہوگی۔

صرف کبیر

ماضی مثبت معروف (۱)	ماضی مثبت مجہول	مضارع مثبت معروف	مضارع مثبت مجہول	نفی تاکید بہ لن معروف	نفی تاکید بہ لن مجہول
وَهَبَ	وُهِبَ	يَهَبُ	يُوْهَبُ	لَنْ يَهَبَ	لَنْ يُوْهَبَ
وَهَبَا	وُهِبَا	يَهَبَانِ	يُوْهَبَانِ	لَنْ يَهَبَا	لَنْ يُوْهَبَا
وَهَبُوْا	وُهِبُوْا	يَهَبُوْنَ	يُوْهَبُوْنَ	لَنْ يَهَبُوْا	لَنْ يُوْهَبُوْا
وَهَبَتْ	وُهِبَتْ	تَهَبُ	تُوْهَبُ	لَنْ تَهَبَ	لَنْ تُوْهَبَ
وَهَبَتَا	وُهِبَتَا	تَهَبَانِ	تُوْهَبَانِ	لَنْ تَهَبَا	لَنْ تُوْهَبَا
وَهَبْنَ	وُهِبْنَ	يَهَبْنَ	يُوْهَبْنَ	لَنْ يَهَبْنَ	لَنْ يُوْهَبْنَ
وَهَبْتَ	وُهِبْتَ	تَهَبُ	تُوْهَبُ	لَنْ تَهَبَ	لَنْ تُوْهَبَ
وَهَبْتُمَا	وُهِبْتُمَا	تَهَبَانِ	تُوْهَبَانِ	لَنْ تَهَبَا	لَنْ تُوْهَبَا
وَهَبْتُمْ	وُهِبْتُمْ	تَهَبُوْنَ	تُوْهَبُوْنَ	لَنْ تَهَبُوْا	لَنْ تُوْهَبُوْا
وَهَبْتِ	وُهِبْتِ	تَهَبِيْنَ	تُوْهَبِيْنَ	لَنْ تَهَبِيْ	لَنْ تُوْهَبِيْ
وَهَبْتُمَا	وُهِبْتُمَا	تَهَبَانِ	تُوْهَبَانِ	لَنْ تَهَبَا	لَنْ تُوْهَبَا
وَهَبْتُنَّ	وُهِبْتُنَّ	تَهَبْنَ	تُوْهَبْنَ	لَنْ تَهَبْنَ	لَنْ تُوْهَبْنَ

(۱) مَا اور لَا لگا کر ماضی منفی معروف ومجہول کی گردانیں کرائیں۔۔۔۔۔اور لَا لگا کر مضارع منفی: معروف ومجہول کی گردانیں کرائیں۔۔۔۔۔ وَهَبَ: بخشا اس ایک مرد نے۔۔۔۔۔ وُهِبَ: بخشا گیا وہ ایک مرد۔۔۔۔۔ يَهَبُ: بخشتا ہے یا بخشے گا وہ ایک مرد۔۔۔۔۔ يُوْهَبُ: بخشا گیا یا بخشا جائے گا وہ ایک مرد۔۔۔۔۔ لَنْ يَهَبَ: ہرگز نہیں بخشے گا وہ ایک مرد۔۔۔۔۔ لَنْ يُوْهَبَ: ہرگز نہیں بخشا جائے گا وہ ایک مرد (گردانیں ترجمہ کے ساتھ کرائیں)

وَهَبْتُ	وُهِبْتُ	اَهَبُ	اُوْهَبُ	لَنْ اَهَبَ	لَنْ اُوْهَبَ
وَهَبْنَا	وُهِبْنَا	نَهَبُ	نُوْهَبُ	لَنْ نَهَبَ	لَنْ نُوْهَبَ

نفی جحد بہ لم معروف	نفی جحد بہ لم مجہول	لام تاکید بانون ثقیلہ معروف	لام تاکید بانون ثقیلہ مجہول	لام تاکید بانون خفیفہ معروف	لام تاکید بانون خفیفہ مجہول
لَمْ يَهَبْ (۱)	لَمْ يُوْهَبْ (۲)	لَيَهَبَنَّ (۳)	لَيُوْهَبَنَّ (۴)	لَيَهَبَنْ (۵)	لَيُوْهَبَنْ (۶)
لَمْ يَهَبَا	لَمْ يُوْهَبَا	لَيَهَبَانِّ	لَيُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ يَهَبُوْا	لَمْ يُوْهَبُوْا	لَيَهَبُنَّ	لَيُوْهَبُنَّ	لَيَهَبُنْ	لَيُوْهَبُنْ
لَمْ تَهَبْ	لَمْ تُوْهَبْ	لَتَهَبَنَّ	لَتُوْهَبَنَّ	لَتَهَبَنْ	لَتُوْهَبَنْ
لَمْ تَهَبَا	لَمْ تُوْهَبَا	لَتَهَبَانِّ	لَتُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ يَهَبْنَ	لَمْ يُوْهَبْنَ	لَيَهَبْنَانِّ	لَيُوْهَبْنَانِّ	....	....
لَمْ تَهَبْ	لَمْ تُوْهَبْ	لَتَهَبَنَّ	لَتُوْهَبَنَّ	لَتَهَبَنْ	لَتُوْهَبَنْ
لَمْ تَهَبَا	لَمْ تُوْهَبَا	لَتَهَبَانِّ	لَتُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ تَهَبُوْا	لَمْ تُوْهَبُوْا	لَتَهَبُنَّ	لَتُوْهَبُنَّ	لَتَهَبُنْ	لَتُوْهَبُنْ
لَمْ تَهَبِيْ	لَمْ تُوْهَبِيْ	لَتَهَبِنَّ	لَتُوْهَبِنَّ	لَتَهَبِنْ	لَتُوْهَبِنْ
لَمْ تَهَبَا	لَمْ تُوْهَبَا	لَتَهَبَانِّ	لَتُوْهَبَانِّ	....	....
لَمْ تَهَبْنَ	لَمْ تُوْهَبْنَ	لَتَهَبْنَانِّ	لَتُوْهَبْنَانِّ	....	....

(۱) لَمْ يَهَبْ: نہیں بخشا اس ایک مرد نے (۲) لَمْ يُوْهَبْ: نہیں بخشا گیا وہ ایک مرد (۳) لَيَهَبَنَّ: اصل میں لَيَوْهَبَنَّ (بروزن لَيَفْتَحَنَّ) تھا، تمام صیغوں میں يَهَبُ کی طرح تعلیل ہوئی ہے...... لَيَهَبَنَّ: ضرور بالضرور بخشے گا وہ ایک مرد (۴) لَيُوْهَبَنَّ: ضرور بالضرور بخشا جائے گا وہ ایک مرد (۵) لَيَهَبَنْ: ضرور بالضرور بخشے گا وہ ایک مرد (۶) لَيُوْهَبَنْ: ضرور بالضرور بخشا جائے گا وہ ایک مرد۔

لَمْ اَهَبْ	لَمْ اُوْهَبْ	لَاَهَبَنَّ	لَاُوْهَبَنَّ	لَاَهَبَنْ	لَاُوْهَبَنْ
لَمْ نَهَبْ	لَمْ نُوْهَبْ	لَنَهَبَنَّ	لَنُوْهَبَنَّ	لَنَهَبَنْ	لَنُوْهَبَنْ

امر معروف	امر مجہول	امر معروف بانون ثقیلہ	امر مجہول بانون ثقیلہ	امر معروف بانون خفیفہ	امر مجہول بانون خفیفہ
لِيَهَبْ (۱)	لِيُوْهَبْ	لِيَهَبَنَّ	لِيُوْهَبَنَّ	لِيَهَبَنْ	لِيُوْهَبَنْ
لِيَهَبَا	لِيُوْهَبَا	لِيَهَبَانِّ	لِيُوْهَبَانِّ	......	......
لِيَهَبُوْا	لِيُوْهَبُوْا	لِيَهَبُنَّ	لِيُوْهَبُنَّ	لِيَهَبُنْ	لِيُوْهَبُنْ
لِتَهَبْ	لِتُوْهَبْ	لِتَهَبَنَّ	لِتُوْهَبَنَّ	لِتَهَبَنْ	لِتُوْهَبَنْ
لِتَهَبَا	لِتُوْهَبَا	لِتَهَبَانِّ	لِتُوْهَبَانِّ	......	......
لِيَهَبْنَ	لِيُوْهَبْنَ	لِيَهَبْنَانِّ	لِيُوْهَبْنَانِّ	......	......
هَبْ	لِتُوْهَبْ	هَبَنَّ	لِتُوْهَبَنَّ	هَبَنْ	لِتُوْهَبَنْ
هَبَا	لِتُوْهَبَا	هَبَانِّ	لِتُوْهَبَانِّ	......	......
هَبُوْا	لِتُوْهَبُوْا	هَبُنَّ	لِتُوْهَبُنَّ	هَبُنْ	لِتُوْهَبُنْ
هَبِيْ	لِتُوْهَبِيْ	هَبِنَّ	لِتُوْهَبِنَّ	هَبِنْ	لِتُوْهَبِنْ
هَبَا	لِتُوْهَبَا	هَبَانِّ	لِتُوْهَبَانِّ	......	......
هَبْنَ	لِتُوْهَبْنَ	هَبْنَانِّ	لِتُوْهَبْنَانِّ	......	......

(۱) لِيَهَبْ: اصل میں لِيُوْهَبْ تھا...... اور هَبْ: اصل میں تَهَبْ تھا، تمام صیغوں میں يَهَبُ جیسی تعلیل ہوئی ہے...... لِيَهَبْ: چاہئے کہ بخشے وہ...... هَبْ: بخش تو...... لِيُوْهَبْ: چاہئے کہ بخشا جائے وہ...... لِيَهَبَنَّ: چاہئے کہ ضرور بخشے وہ...... هَبَنَّ: ضرور بخش تو...... لِيُوْهَبَنَّ: چاہئے کہ ضرور بخشا جائے وہ۔ لِيَهَبُنْ: اصل میں لِيُوْهَبُنْ تھا: ضرور بخشے وہ...... هَبُنْ: اصل میں اِوْهَبُنْ تھا: ضرور بخش تو...... لِيُوْهَبُنْ: ضرور بخشا جائے وہ مرد۔

لِاَهَبْ	لِاُوْهَبْ	لِاَهَبَنَّ	لِاُوْهَبَنَّ	لِاَهَبَنْ	لِاُوْهَبَنْ
لِنَهَبْ	لِنُوْهَبْ	لِنَهَبَنَّ	لِنُوْهَبَنَّ	لِنَهَبَنْ	لِنُوْهَبَنْ

نہی معروف	نہی مجہول	نہی معروف بانون ثقیلہ	نہی مجہول بانون ثقیلہ	نہی معروف بانون خفیفہ	نہی مجہول بانون خفیفہ
لَايَهَبْ (۱)	لَايُوْهَبْ	لَايَهَبَنَّ	لَايُوْهَبَنَّ	لَايَهَبَنْ	لَايُوْهَبَنْ
لَايَهَبَا	لَايُوْهَبَا	لَايَهَبَانِّ	لَايُوْهَبَانِّ	....	....
لَايَهَبُوْا	لَايُوْهَبُوْا	لَايَهَبُنَّ	لَايُوْهَبُنَّ	لَايَهَبُنْ	لَايُوْهَبُنْ
لَاتَهَبْ	لَاتُوْهَبْ	لَاتَهَبَنَّ	لَاتُوْهَبَنَّ	لَاتَهَبَنْ	لَاتُوْهَبَنْ
لَاتَهَبَا	لَاتُوْهَبَا	لَاتَهَبَانِّ	لَاتُوْهَبَانِّ	....	....
لَايَهَبْنَ	لَايُوْهَبْنَ	لَايَهَبْنَانِّ	لَايُوْهَبْنَانِّ	....	....
لَاتَهَبْ	لَاتُوْهَبْ	لَاتَهَبَنَّ	لَاتُوْهَبَنَّ	لَاتَهَبَنْ	لَاتُوْهَبَنْ
لَاتَهَبَا	لَاتُوْهَبَا	لَاتَهَبَانِّ	لَاتُوْهَبَانِّ	....	....
لَاتَهَبُوْا	لَاتُوْهَبُوْا	لَاتَهَبُنَّ	لَاتُوْهَبُنَّ	لَاتَهَبُنْ	لَاتُوْهَبُنْ
لَاتَهَبِيْ	لَاتُوْهَبِيْ	لَاتَهَبِنَّ	لَاتُوْهَبِنَّ	لَاتَهَبِنْ	لَاتُوْهَبِنْ
لَاتَهَبَا	لَاتُوْهَبَا	لَاتَهَبَانِّ	لَاتُوْهَبَانِّ	....	....
لَاتَهَبْنَ	لَاتُوْهَبْنَ	لَاتَهَبْنَانِّ	لَاتُوْهَبْنَانِّ	....	....
لَااَهَبْ	لَااُوْهَبْ	لَااَهَبَنَّ	لَااُوْهَبَنَّ	لَااَهَبَنْ	لَااُوْهَبَنْ
لَانَهَبْ	لَانُوْهَبْ	لَانَهَبَنَّ	لَانُوْهَبَنَّ	لَانَهَبَنْ	لَانُوْهَبَنْ

(۱) لَايَهَبْ: نہ بخشے وہ ...... لَايُوْهَبْ: نہ بخشا جائے وہ ...... لَايَهَبَنَّ: وہ ہرگز نہ بخشے
لَايُوْهَبَنَّ: وہ ہرگز نہ بخشا جائے ...... لَايَهَبَنْ: وہ ہرگز نہ بخشے ...... لَايُوْهَبَنْ: وہ ہرگز نہ بخشا جائے۔

اسم فاعل: وَاهِبٌ، وَاهِبَانِ، وَاهِبُوْنَ ٥ وَاهِبَةٌ، وَاهِبَتَانِ، وَاهِبَاتٌ۔

اسم مفعول: مَوْهُوْبٌ، مَوْهُوْبَانِ، مَوْهُوْبُوْنَ ٥ مَوْهُوْبَةٌ، مَوْهُوْبَتَانِ، مَوْهُوْبَاتٌ۔

اسم ظرف: مَوْهِبٌ، مَوْهِبَانِ، مَوَاهِبُ۔

اسم آلہ: ۱- مِيْهَبٌ، مِيْهَبَانِ، مَوَاهِبُ ۲- مِيْهَبَةٌ، مِيْهَبَتَانِ، مَوَاهِبُ ۳- مِيْهَابٌ، مِيْهَابَانِ، مَوَاهِيْبُ۔

اسم تفضیل: اَوْهَبُ، اَوْهَبَانِ، اَوْهَبُوْنَ، اَوَاهِبُ ٥ وُهْبٰى، وُهْبَيَانِ، وُهْبَيَاتٌ، وُهَبٌ۔

تمرین (افعال ذیل سے مختلف گردانیں کریں)

(۱) وَضَعَ، يَضَعُ، وَضْعًا: رکھنا......(۲) وَدَعَ، يَدَعُ، وَدْعًا: چھوڑنا (۳) وَقَعَ يَقَعُ، وَقْعًا وَوُقُوْعًا: واقع ہونا، گرنا......(۴) وَلَغَ، يَلَغُ، وُلُوْغًا: درندے کا چاٹنا۔

مثالِ واوی از باب كَرُمَ يَكْرُمُ

الوَسْمُ والوَسَامَةُ: خوبصورت ہونا

